
# سلسلہ عالیہ طارقیہ جہانگیریہ عثمانیہ

# روحانی عملیات کورس کے وظائف اور طریقہ استعمال





بفیضان نظر

شیخ المشائخ حکیم صوفی شیخ

## طارق احمد شاہ عارف

عثمانی حسنی قادری چشتی قلندری ابوالعلائی جہانگیری دامت برکاتہم العالیہ

زیرسرپرستی

خلیفہ میاں حضور پیر طریقت عالمی مذہبی روحانی اسکالر

## مفتی آصف سعید قادری شاذلی

## طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک


مزید معلومات کیلئے رابطہ فرمائیں

0310-2880751
0310-2880743

Http://www.tariqiyarohanicenter.com
www.facebook.com/muftiasifsaeed
www.youtube.com/muftiasifsaeed
info@tariqiyarohanicenter.com
https://twitter.com/muftiasifsaeed
https://instagram.com/muftiasifsaeedqadri


بمقام: نورالقرآن اسلامک اکیڈمی جامع مسجد گلزار رسول سیکٹر 9 بلاک D نیو سعید آباد بلدیہ ٹاؤن کراچی

# روحانی عملیات کورس فہرست


| شمار | عنوان | صفحہ نمبر | شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تعاوف ادارہ | 01 | 13 | سورۂ مزمل کے اعمال | 25 |
| 2 | ضروری ہدایت | 04 | 14 | اعداد قمری کا مجموع | 29 |
| 3 | پرہیز جلالی و جمالی | 13 | 15 | نادعلی شریف | 30 |
| 4 | اصول و قواعد | 14 | 16 | نادعلی کی زکوٰۃ کا طریقہ | 30 |
| 5 | روزانہ کیے جانے والے اذکار | 15 | 17 | نادعلی کے اعمال | 30 |
| 6 | ذکر اللہ ھُو کی فضیلت | 16 | 18 | سورۃ اخلاص کی زکوٰۃ کا طریقہ | 34 |
| 7 | آیت قطب جنوبی و آیت قطب شمالی | 17 | 19 | سورۃ اخلاص کے اعمال | 34 |
| 8 | آیت قطب کی زکوٰۃ کا طریقہ | 18 | 20 | چھل کاف | 37 |
| 9 | آیت قطب کے خواص و فوائد | 19 | 21 | چھل کاف کی زکوٰۃ کا طریقہ | 37 |
| 10 | آیت قطب کے اعمال | 19 | 22 | چھل کاف کے اعمال | 38 |
| 11 | سورۂ مزمل شریف | 23 | 23 | دعاۓ حزب السیفی کی زکوٰۃ کا طریقہ | 40 |
| 12 | سورۂ مزمل کی زکوٰۃ کا طریقہ | 24 | 24 | دعاۓ حزب السیفی کے اعمال | 40 |


TARIQIA ROHANI CENTER

| شمار | عنوان | صفحہ نمبر | شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 25 | دعآء حزب البحر | 42 | 38 | نقش (سو) والا | 63 |
| 26 | حزب البحر کی زکوۃ کا طریقہ | 45 | 39 | نقش شیطان کے ناموں والا | 64 |
| 27 | دعآء ردسحر | 49 | 40 | حصار غوثیہ کی زکوٰۃ کا طریقہ | 67 |
| 28 | دعآء ردسحر کی زکوٰۃ کا طریقہ | 50 | 41 | قصیدہ غوثیہ کی زکوٰۃ کا طریقہ | 68 |
| 29 | دعآء ردسحر کے اعمال | 50 | 42 | قصیدہ غوثیہ کے فوائد | 69 |
| 30 | درود تاج شریف کا عمل | 54 | 43 | سیدنا غوث الاعظم کے گیارہ اسماء | 71 |
| 31 | سورۃ التوبہ کی آخری آیت کا عمل | 54 | 44 | یا شیخ عبدالقادر جلانی شیئاللہ کا عمل | 72 |
| 32 | درود شریف (سیدنا کریم ﷺ | 54 | 45 | دعآء برہتی | 74 |
| 33 | معوذتین | 56 | 46 | دعآء برہتی کی زکوٰۃ کا طریقہ | 75 |
| 34 | معوذتین کی زکوٰۃ کا طریقہ | 57 | 47 | سورۃ الفیل کی زکوٰۃ کا طریقہ | 75 |
| 35 | معوذتین کے اعمال | 57 | 48 | سبق نمبر دس | 76 |
| 36 | نقش سیفی کی زکوٰۃ کا طریقہ | 60 | 49 | سبق نمبر دس کی زکوٰۃ کا طریقہ | 76 |
| 37 | نقش سیفی کے اعمال | 61 | | | |


TARIQIA ROHANI CENTER

# تعارف ادارہ

## طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیر نیٹ ورک

**طارقیہ روحانی سینٹر** روحانی دنیا کا ایک **عظیم الشان روحانی** ادارہ ہے۔ جو **روحانیت** کے فروغ کیلئے ہر دم کوشاں ہے۔ جسکی سرپرستی سلسلہ طارقیہ جہانگیریہ عثمانیہ کی **عظیم روحانی** شخصیت شیخ المشائخ شیخ **حکیم صوفی طارق احمد شاہ عارف عثمانی** حسنی قادری چشتی قلندری ابو العلائی جہانگیری دامت برکاتہم العالیہ المعروف **میاں حضور** فرما رہے ہیں۔ جن کی خاص نظر کرم سے پیر طریقت عالمی مذہبی روحانی اسکالر پیر طریقت **آصف سعید قادری طارقی شاذلی** طارقیہ روحانی سینٹر اور سلسلہ طارقیہ جہانگیریہ عثمانیہ کا **فیض دنیا** بھر میں عام کر رہے ہیں۔ پاکستان بھر میں کراچی سمیت مختلف مقامات پر حیدر آباد، لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، پشاور میں روحانی تربیتی نشست کا انعقاد ختم **دعاء حزب البحر** وحلقہ ذکر کا اہتمام اور **روحانی عملیات کورس** کے ذریعے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مختلف ممالک امریکہ، برطانیہ کینیڈا، یورپ افریقہ، عرب امارات، سعودی عرب، مسقط، قطر، ہندوستان میں کثیر تعداد میں لوگ **طارقیہ روحانی سینٹر** سے علم روحانیت حاصل کررہے ہیں اور بہترین روحانی معالج بن کر مخلوق خدا کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔ سوشل میڈیا فیس بک اور یوٹیوب پر ہونے والے **روحانی علاج و استخارہ پروگرام** کے ذریعے عالمی مذہبی روحانی اسکالر پیر طریقت **آصف سعید قادری شاذلی طارقی** مخلوق خدا کی

TARIQIA ROHANI CENTER

روحانی علاج کے سلسلے میں رہنمائی فرماتے ہیں اور آپکے روحانی تجربات سے روحانی عاملین بھی فیض یاب ہو رہے ہیں اور **یوٹیوب چینل** کے ذریعے پوری دنیا میں آپ **روحانی علاج و روحانی ظائف** اور ہر قسم کے جادو جنات دیگر مسائل مختلف بیماریاں کینسر، تھلیسمیا، گردہ، ہیپاٹائٹس، جادوئی امراض کے مکمل علاج کے روحانی کلپس اور مختلف دنیائے روحانیت کی عظیم دعائیں جیسے **دعآء سیفی**، **دعآء حزب البحر**، **دعآء حزب النصر**، **دعآء جوشن کبیر**، **دعآء برستی** جیسی عظیم دعاؤں کے پڑھنے کے طریقے اور انکی زکوۃ ادا کرنے کے طریقے اور ان تمام دعاؤں سے روحانی کام لینے کے طریقے۔ ان تمام وظائف اور دعاؤں سے لوگ مستفیض ہو رہے ہیں۔ اسکے علاوہ **طارقیہ روحانی سینٹر النور و یلفیر نیٹ** ورک کے زیر اہتمام مختلف شہروں میں جیسے حیدر آباد، لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد میں حضرت دورہ فرما کر مخلوق خدا کے روحانی مسائل جادو جنات، سفلی عمل کے اثرات کا علاج فرماتے ہیں اور ہر اسلامی ماہ کی 6 تاریخ مغرب کے بعد **طارقیہ روحانی سینٹرکراچی مرکز پر ختم خواجگان حلقہ** ذکر کی محفل میں حضرت موجود ہوتے ہیں محفل کے بعد **روحانی تربیتی نشست** کا اہتمام ہوتا ہے جس میں **روحانی عملیات کورس** کرنے والے شاگردوں کی حضرت خود روحانی تربیت فرماتے ہیں **طارقیہ روحانی سینٹر** کے **روحانی کال سینٹر** کے ذریعے دنیا بھر سے لوگ کال کر کے اپنے مسائل کا حل جانتے ہیں **روحانی کال سینٹر** پر متقی پرہیز گار **عاملین** ہوتے ہے۔ جو لوگوں مسائل سن کر استخارہ کرنے کے بعد

TARIQIA ROHANI CENTER

رہنمائی کرتے ہیں۔ روحانی دنیا میں پہلی بار **طارقیہ روحانی سینٹر** نے ہی **آن لائن روحانی** علاج کا سلسلہ شروع کیا جو **الحمداللہ عز وجل** بڑا کامیاب جارہا ہے۔ دنیا میں جہاں بھی لوگ روحانی و جسمانی امراض کا شکار ہوں وہ اب ہماری **آن لائن روحانی علاج** کی سروس سے مستفیض ہوسکتے ہیں۔اس شعبہ میں بھی حضرت کی نگرانی میں مستند **روحانی معالجین** کی ٹیم حضرت کی **زیر سرپرستی** میں مکمل روحانی علاج کے اصولوں کا خیال کرتے ہوئے مثلاً **قرآن کی سورتوں** سے علاج کرنا، بخورات کا استعمال، علاج کا صدقہ، اور مریض کو ویڈیو لنک پر لے کر **باطنی موکلات** سے مکمل توجہ کے ساتھ مریض کا علاج کرنا اور ساتھ میں مکمل روحانی دینی رہنمائی کرتے ہیں۔مزید یہ کے بروز اتوار کو کراچی میں 09:00 سے دوپہر 00:03 بجے تک مخلوق خدا کی خدمت کی نیت سے عام ملاقات کا سلسلہ ہوتا ہے جس میں حضرت پیر طریقت عالمی مذہبی روحانی اسکالر **آصف سعید قادری شازلی** خود لوگوں سے عام ملاقات فرماتے ہیں اور انکے روحانی مسائل کا علاج بھی کرتے ہیں مختلف وظائف کے ساتھ ساتھ حضرت کی **نگرانی** میں مکمل **روحانی تعویزات** کے ذریعے بھی **روحانی علاج** کیا جاتا ہے آپ دنیا بھر میں جہاں بھی رہتے ہیں اب آپ **طارقیہ روحانی سینٹر** سے مکمل **روحانی علاج کورس** حاصل کر سکتے ہے اور اپنے گھر بیٹھے اپنے **روحانی مسائل** کا حل کریں مکمل **روحانی علاج کورس** حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

TARIQIA ROHANI CENTER

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک

کے تحت **روحانی عملیات کورس** کرنے والے تمام شاگردوں کے لئے بڑی ہی خوشی کی خبر ہے۔ کہ الحمدللہ عالمی مذہبی روحانی اسکالر **مفتی آصف سعید قادری طارقی شاذلی** دامت برکاتہم العالیہ کے زیرسایہ روحانی عملیات کورس کرنے والے تمام شاگردوں کی آسانی اور رہنمائی کے لیے روحانی عملیات کورس کے تمام اسباق کو انکے فوائد کے ساتھ ترتیب وار تحریر کردیا گیا ہے۔ ادارے کی طرف سے بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ کہ تمام اعمال اور وظائف کے دوران شاگردوں کو جن مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کا حل مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کردیا جائے۔ اس کتاب میں اعمال کے فوائد کے ساتھ ساتھ ان کے استعمال کا طریقہ بھی بیان کیا گیا ہے۔ ادارہ اُمید کرتا ہے کہ۔ تمام شاگرد بیان کردہ ہدایات کو بغور پڑھ کر ان پر مکمل طور پر عمل کریں گے۔

## (ضروری ہدایات)

ہدایت نمبر 1۔ تمام اعمال وظائف قرب الٰہی اور روح کی پاکیزگی اور مخلوق خدا کی خدمت کی نیت سے کیے جائیں کسی قسم کی دنیاوی لالچ آپ کے پیش نظر نہیں ہونی چاہیے۔ اللہ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا حاصل کرنا ہی آپ کا مقصد ہونا چاہیے۔

TARIQIA ROHANI CENTER

ہدایت نمبر 2۔ اپنے آپ کو ہر وقت ہر قسم کے گناہوں سے بچانے کی بھرپور کوشش کریں بدنگاہی اور بدخیالی سے مکمل طور پر پرہیز کریں۔

ہدایت نمبر 3۔ تمام وظائف ہمیشہ باوضو ہوکر کریں۔ اگر ممکن ہو تو روزانہ عمل سے پہلے غسل کرلے۔

ہدایت نمبر 4 ۔ وظائف کے دوران صاف ستھرا اور پاکیزہ لباس پہنیں۔ (اگر ممکن ہو تو اس کے لئے ایک لباس مخصوص کرلیں) اپنے لباس اور جس جگہ پر بیٹھ کر وظائف کرنے کا ارادہ ہو اس جگہ کو خوب معطر کریں۔ بخورات کا استعمال کریں۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو لوبان یا اگربتی جلا کر کمرے کو خوشبودار بنائیں۔

ہدایت نمبر 5 ۔ وظائف کرنے کے لیے وقت اور جگہ کا ایک ہونا ضروری ہے۔ بہتر یہ ہے کہ کسی مصلے پر بیٹھ کر وظیفہ کیا جائے۔ جو وقت اور جو جگہ اپنے لئے مقرر کریں۔ جب تک عمل مکمل نہ ہو اس پر قائم رہیں۔

ہدایت نمبر 6 ۔ وظائف کرنے کے لئے ایسی جگہ مقرر کریں۔ جو پاک صاف ہو اور جہاں تنہائی اور یکسوئی حاصل ہو سکے (یعنی وہاں شور شرابا اور کسی کا آنا جانا نہ ہو)

ہدایت نمبر 7 ۔ وظائف کرتے وقت اپنا چہرہ قبلہ کی طرف رکھیں (اگر ایسا ممکن نہ ہو تو کسی بھی طرف چہرہ کر کے وظائف کر سکتے ہیں) اس میں کوئی مسئلہ نہیں،

ہدایت نمبر 8 ۔ وظیفہ کرنے کے لیے وقت آپ اپنی مرضی سے مقرر کر سکتے ہیں (عصر کی نماز کے بعد سے لے کر اگلے دن کی مغرب سے پہلے ایک دن کا وظیفہ شمار ہو گا۔

ہدایت نمبر 9 ۔ جو عمل آپ کرنا چاہتے ہیں ضروری ہے کہ پہلے اس کی عبارت کو مخارج اور ادائیگی کا خیال رکھتے ہوئے اچھی طرح یاد کر کے بار بار پڑھ کر زبان پر جاری کر لیا جائے تا کہ وظیفہ کرتے وقت مکمل توجہ وظیفہ کی طرف رہے اور وقت بھی ضائع نہ ہو۔

ہدایت نمبر 10 ۔ عمل کرتے وقت اگر آپ کا وضو ٹوٹ جائے تو فوراً اٹھ جائیں اور وضو کر کے دوبارہ اپنی نشست پر آ کر اپنا عمل شروع کریں۔ راستے میں کسی سے گفتگو نہ کرے۔ وظیفہ کرتے وقت اگر اذان شروع ہو جائے تو آپ کی مرضی ہے آپ رکنا چاہیں تو رک کر اذان کا جواب دے سکتے ہیں۔ اور اگر وظیفہ جاری رکھنا چاہیں تو یہ بھی آپ کو اختیار ہے۔ اگر دوران عمل کوئی آپ کو سلام کرتا ہے ہے تو بہتر ہے کہ اس کو صرف اشارے سے جواب دیں۔ اور اگر فتنہ فساد یا ناراضگی کا خوف ہو تو وعلیکم السلام بھی کہہ سکتے ہیں مگر زیادہ گفتگو نہ کریں۔

ہدایت نمبر 11 ۔ دوران عمل اپنا حصار کرنے کے لیے کوئی خاص وظیفہ کرنے کی ضرورت نہیں آپ کے استاد کا کامل تصور ہی آپ کا بہترین حصار ہے۔ وظیفہ کرتے وقت جس قدر آپ کی توجہ آپ کے استاد کی طرف رہے گی ۔ آپ کا حصار بھی اتنا ہی مضبوط ہو گا۔ استاد کا تصور ہی آپ کا حصار ہے۔

TARIQIA ROHANI CENTER

ہدایت نمبر 12۔ کچھ دوستوں کو وظائف کرتے وقت جسم میں یا سر میں درد وغیرہ محسوس ہوتا ہے۔ تو اس چیز سے وہ گھبرا جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں آپ کو بالکل بھی گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ آپ کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ جو وظائف آپ کر رہے ہیں ان کی تاثیر آپ کے بدن میں آرہی ہے۔ ہاں اگر آپ کے جسم میں درد وغیرہ ہو تو آپ پانی کی بوتل پر 21 بار سورہ فیل پڑھ کر دم کریں اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے پی لیا کریں۔ یا پھر ایسا کریں کہ جو عمل آپ پڑھ رہے ہیں پڑھائی مکمل ہونے کے بعد وہ پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ اس سے انشاءاللہ جسم میں درد نہیں ہوگا اور کوشش کریں کہ پڑھائی کرتے وقت پانی کا استعمال نہ کریں۔ لیکن اگر گلا یا ہونٹ خشک ہو رہے ہوں تو بقدر ضرورت استعمال کر سکتے ہیں۔

ہدایت نمبر 13۔ ادارے کی طرف سے اعمال کرنے کے لیے روزے کی شرط نہیں رکھی گئی آپ بغیر روزے کے بھی وظائف کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ روزہ رکھنا چاہیں تو آپ کو اختیار ہے۔ انشاءاللہ اس سے آپ کی روحانیت میں اور برکت ہوگی۔

ہدایت نمبر 14۔ پہلے تو کوشش کریں کہ اپنے وظیفے کو ایک ہی نشست میں مکمل کیا جائے لیکن اگر ایک نشست میں وظیفہ مکمل کرنا ممکن نہ ہو تو اس کی دو نشستیں بھی کی جا سکتی ہیں۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ جو بھی طے ہو آخر تک اس پر کاربند رہیں۔ اور دونوں نشستوں میں کی جانے والی پڑھائی کی تعداد بھی برابر ہونا ضروری نہیں کم یا زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔

ہدایت نمبر 15۔ وظائف کے دوران نیند آنا ایک فطری عمل ہے۔ اس کا ایک حل تو یہ ہے کہ دن کے وقت اپنی نیند کو مکمل کرنے کی کوشش کی جائے دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ وہیں پر کھڑے ہو کر اپنا عمل کر سکتے ہیں اور تیسرا حل یہ ہے کہ اپنے پاس ایک سپرے والی پانی کی بوتل رکھیں جب بھی آپ کو نیند کا غلبہ محسوس ہو تو کچھ پانی کے چھینٹے اپنے چہرے پر ماریں۔ تو انشاءاللہ تعالیٰ اس سے امید ہے کہ آپ کی نیند آپ کو زیادہ پریشان نہیں کرے گی۔

TARIQIA ROHANI CENTER

ہدایت نمبر 16 ۔وظائف کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ تعداد کم یا زیادہ نہ ہو۔زکوٰۃ ادا کرنے کے لئے جتنی تعداد مقرر کی گئی ہے اتنی ہی تعداد میں پڑھائی کی جائے۔

ہدایت نمبر 17 ۔الغرض کسی وجہ سے تعداد کم یا زیادہ ہوجائے تو اس کے لئے یوں کریں کہ جتنی تعداد زیادہ ہوگئی اس کو ایصال ثواب کردیں اور اگر تعداد کم رہ گئی ہو تو اگلے دن کی پڑھائی کے ساتھ اتنی تعداد زیادہ پڑھ کر اپنی تعداد مکمل کرلیں۔

ہدایت نمبر 18 ۔اگر کوئی وظیفہ پڑھتے پڑھتے آنکھ لگ جائے اور یہ یاد نہ رہے کہ کہاں تک پڑھا ہے تو پھر ایسا کریں کہ جو سورہ پڑھ رہے ہیں اسے دوبارہ شروع سے پڑھیں۔

ہدایت نمبر 19 ۔عمل مکمل ہونے کے بعد مراقبہ کرکے عمل کی تاثیر کو اپنے اندر جذب کریں۔پانی پر یا کسی اور چیز پر دم کرنے کی اجازت نہیں ہے (ہاں مدامت کرنے کے بعد اپنے جسم پر یا پانی پر یا کسی اور چیز پر دم کرسکتے ہیں)

ہدایت نمبر 20 ۔وظائف کرنے کے لیے پرہیز لازم ہے اس لیے عمل شروع کرنے سے کم از کم بارہ گھنٹے پہلے پرہیز شروع کردیا کریں۔عمل مکمل ہونے کے بعد اگلے دن کی مغرب تک آپ کا پرہیز ہوگا اور اگر بالفرض بامر مجبوری اتنا وقفہ نہ کرسکیں تو کم از کم بارہ گھنٹے انتظار ضرور کریں 12 گھنٹے کے بعد آپ کا پرہیز ختم ہوجائے گا۔

ہدایت نمبر 21 ۔دوران عمل بیوی سے جماع کرنے کی اجازت نہیں ہے اگر کوئی دوران عمل زوجہ سے صحبت کرے گا تو اس کا عمل ضائع ہوجائے گا (لیکن یہ یاد رہے کہ جو عمل ابھی کر رہا ہے اسے بیچ میں روک نہیں سکتا اسے مکمل کرنا ہوگا) اس کے بعد یہی عمل پھر دوبارہ سے کرنا ہوگا

ہدایت نمبر 22 ۔اعمال کی مدامت کے لیے وقت اور جگہ کی کوئی پابندی نہیں۔چلتے پھرتے کسی بھی وقت مدامت کی جاسکتی ہے۔مدامت بغیر وضو کے بھی کرسکتے ہیں۔لیکن اگر وضو کرلیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

TARIQIA ROHANI CENTER

ہدایت نمبر 23 ۔اگر مدامت نہ کرنے کی وجہ سے عمل ضائع ہو جائے تو اسے دوبارہ جاری کرنے کے لئے لازم ہے کہ جتنی تعداد میں عمل کی زکات ادا کرتے وقت پڑھائی کی تھی اتنی ہی تعداد میں تین دن تک مکمل پرہیز کے ساتھ پڑھائی کریں انشاءاللہ عمل دوبارہ سے جاری ہوجائے گا۔

ہدایت نمبر 24 ۔عمل مکمل ہونے کے بعد اس عمل کی مدامت کرنا بہت ضروری ہے اگر تین دن سے زیادہ مدامت چھوٹ گئی تو عمل ضائع ہوجائے گا اس لیے کتنی ہی مجبوری کیوں نہ ہو روزانہ ہر عمل کی مدامت ضرور ادا کریں۔ بامر مجبوری مدامت کی تعداد میں کمی کر کے پڑھ سکتے ہے۔

ہدایت نمبر 25 ۔عمل مکمل ہونے کے بعد ایک دن کا ناغہ کریں اور پھر اس سے آگے والا سبق شروع کردیں۔لیکن اگر بامر مجبوری آپ ایک دن سے زیادہ ناغہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ کرسکتے ہیں دو دن تین دن یا ایک ہفتے کے بعد بھی اگلا سبق شروع کیا جا سکتا ہے۔ایک عمل مکمل ہونے کے بعد دوسرا عمل فوراً ہی شروع کرنا ضروری نہیں۔

ہدایت نمبر 26 ۔تمام شاگردوں کے لئے لازم ہے کہ پہلے اپنے دس سبق مکمل کریں جب تک آپ کے تمام اسباق مکمل نہیں ہو جاتے اس وقت تک آپ کو کوئی ایسا عمل یا کوئی ایسا وظیفہ( جو ان دس اسباق میں شامل نہیں کرنے کی اجازت نہیں ہوگی )ادارہ کی جانب سے جو اعمال و وظائف خصوصی راتوں کے دیے جائیں وہ صرف وہی شاگرد کرسکیں گے جن کے دس اسباق مکمل ہوچکے ہیں۔خصوصی ایام کے وظائف کی تفصیلات جاننے کے لئے بار بار میسج کر کے اپنا اور ہمارا وقت برباد کرنے کی کوشش نہ فرمائیں۔

TARIQIA ROHANI CENTER

ہدایت نمبر 27 ۔سورج گرہن اور چاند گرہن کے اعمال بھی صرف وہی شاگرد کر سکیں گے جن کے دس سبق مکمل ہو چکے ہیں جن شاگردوں کے دس سبق ابھی تک مکمل نہیں ہوئے ان کے لئے سورج گرہن اور چاند گرہن میں بھی یہی بہتر ہے کہ وہ اپنے اعمال کی زکوۃ دوبارہ سے ادا کریں۔یعنی جن اعمال کی زکات ادا کر چکے ہیں ان اعمال کو اتنی ہی تعداد میں پڑھیں جتنی تعداد میں زکوۃ ادا کرتے وقت پڑھا تھا ان شاءاللہ اس سے ان کے اعمال میں اور زیادہ طاقت اور برکت پیدا ہوگی۔

ہدایت نمبر 28 ۔بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ پڑھائی کرتے وقت تسبیح ہاتھ سے گر جاتی ہے اور تعداد کے معاملے میں شک پیدا ہو جاتا ہے۔اس کے لیے ایسا کریں کہ آپ اپنے غالب گمان کی طرف توجہ کریں جتنی تعداد پر دل جم جائے اسی پر عمل کریں مثال کے طور پر اگر آپ نے ایک عمل کو سو بار پڑھنا ہے اور ابھی آپ نے اس کو 40 یا 45 بار ہی پڑا اور ہاتھ سے تسبیح گر گئی اور اب یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کتنی تعداد پڑھی جا چکی تھی تو جتنی تعداد پر آپ کا گمان جم جائے کہ اتنی بار ہو گیا تو وہیں سے آگے پڑھنا شروع کر دیں انشاءاللہ عمل پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

TARIQIA ROHANI CENTER

ہدایت نمبر 29 ۔تمام شاگردوں کو یہ بات اچھی طرح یاد رہنی چاہیئے کہ روحانی عملیات کورس گروپ صرف اور صرف روحانی عملیات کورس کرنے والوں کی رہنمائی کے لیے بنایا گیا ہے۔استخارہ کروانے کے لیے۔خوابوں کی تعبیر معلوم کرنے کے لیے۔یا پھر اپنی بیماریوں کا علاج معلوم کرنے کے لیے اس گروپ میں میسج کرنے کی اجازت نہیں ہے۔اگر استخارہ کروانا ہو تو روحانی کال سینٹر پر رابطہ کریں۔اور اگر خوابوں کی تعبیر پوچھنی ہو یا اپنی کسی بیماری کا علاج پوچھنا ہو تو پھر روحانی علاج و استخارہ پروگرام میں لائیو استاد محترم سے رابطہ کریں۔

ہدایت نمبر 30۔ ہر روز عمل شروع کرنے سے پہلے اور عمل مکمل ہونے کے بعد مراقبہ ضرور کریں عمل شروع کرنے سے پہلے جو مراقبہ کریں اس میں استاد محترم کا تصور کریں اور ان سے اپنے عمل میں کامیابی کے لیے مدد طلب کریں۔ اور عمل مکمل ہونے کے بعد جو مراقبہ کریں اس میں یہ تصور کریں کہ جو عمل آپ نے کیا ہے اس کی تاثیر اس کی برکت اور اس کی نورانیت آپ کے اندر جذب ہو رہی ہے۔

ہدایت نمبر 31۔ اکثر جلد بازی کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ اس لیے ہمیشہ ایک وقت میں ایک ہی عمل کریں۔ ایک ساتھ ایک سے زیادہ اعمال کرنے کی آپ کو اجازت نہیں اس سے آپ کو نقصان ہو سکتا ہے۔

ہدایت 32۔ جس جگہ پر آپ نے عمل شروع کیا اسی جگہ پر اس عمل کا مکمل ہونا لازمی ہے۔ بیماری، سفر، یا کسی اور وجہ سے اگر عمل جاری رکھنا ممکن نہ ہو تو ایک پاؤ برفی لیں اور موکلین کو رخصت کرنے کی نیت سے اس پر فاتحہ دلا کر مئوکلین کو ایصال ثواب کر کے انہیں رخصت کر دیں۔ اس طرح کرنے سے آپ رجعت سے محفوظ رہیں گے۔

ہدایت نمبر 33۔ جب آپ کسی عمل کی زکات ادا کرنا شروع کر دیں تو اسے مسلسل بغیر ناغہ کیئے جاری رکھنا لازمی ہے۔ اگر کسی وجہ سے ایک دن کا بھی ناغہ ہو گیا تو آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا اور آپ کو یہ عمل دوبارہ سے شروع کرنا پڑے گا۔ اب آپ کا یہ والا عمل ضائع ہو گیا۔ اگر دوبارہ سے اسی عمل کی زکات ادا کرنا چاہیں تو وقت اور جگہ مقرر کر کے پھر سے یہ عمل شروع کر سکتے ہیں۔

ہدایت نمبر 34۔ طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹورک کی جانب سے روحانی عملیات کورس کرنے والے تمام شاگردوں کو تنبیہ کی جاتی ہے اور وارننگ دی جاتی ہے کہ جب تک آپ ادارے کی طرف سے عملیات کر رہے ہیں کسی اور عامل کے عملیات آپ نہیں کر سکتے اگر ایسا کریں گے۔ تو اپنے نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے ادارہ ہرگز اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

TARIQIA ROHANI CENTER

(فاتحہ کا مختصر طریقہ)۔سب سے پہلے ایک کلو یا آدھا کلو میٹھائی یعنی۔کوئی بھی میٹھی چیز اپنے سامنے رکھ لیجئے۔اور پھر۔درود شریف۔گیارہ بار۔سورۃ الکافرون۔ایک بار۔سورۃ الاخلاص۔تین بار۔سورۃ الکافرون۔ایک بار۔سورۃ الناس۔ایک بار۔سورۃ الفاتحہ۔ایک بار۔ الم سے مفلحون تک۔اور اس کے بعد آیت الکرسی ایک بار۔پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس طرح دعا مانگیں۔(دعا مانگنے کا طریقہ۔) اے اللہ میں نے جو قرآن پاک کی تلاوت کی ہے اسے اپنی بارگاہ میں قبول فرما۔اس کا ثواب پیارے آقا ﷺ کی بارگاہ میں ہدیۃً تحفۃً پیش کرنے کے بعد ان کے صدقے سے تمام انبیاء کرام تمام صحابہ کرام حضور پُرنور ﷺ کی تمام ازواج مطہرات آپ کی تمام آل واولاد۔پیران پیر غوث اعظم دستگیر ر۔خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اور تمام اولیاء کرام کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں اور خصوص بالخصوص میں نے جو عمل کیا ہے اس عمل کے موکلین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں قبول فرما۔اور اس عمل کی روحانیت اور برکت مجھے عطا فرما۔آمین ثم آمین یارب العالمین۔پھر جو مٹھائی آپ نے اپنے سامنے رکھی تھی اس میں سے ایک حصہ (تقریباً ایک پاؤ) عمل کے موکلین کے لیئے الگ سے نکال کر کسی ویرانے میں یا چھت پر جہاں کسی کا آنا جانا نہ ہو وہاں پر رکھ دیجئے اور اسے بغیر دیکھے وہاں سے واپس آجائیں۔اور اسے دیکھنے کی نیت سے وہاں کبھی مت جائیں ہاں اگر اتفاقاً ایک ہفتے بعد یا دو ہفتے بعد آپ کی نظر اس پر پڑ جائے تو آپ کہیں بھی اسے اٹھا کر پھینک سکتے ہیں۔

TARIQIA ROHANI CENTER

(مراقبہ کرنے کا طریقہ) جس مقام پر آپ وظائف کرتے ہیں۔ وہیں پر آلتی پالتی یعنی (چوکڑی) مار کر دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھ کر سر جھکا کر آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں۔ دنیاوی خیالات کو مکمل طور پر اپنے ذہن سے نکال دیں۔ اپنے دل اور دماغ کو ایک کورے کاغذ کی طرح خالی تصور کریں۔ اور تصور یہ کریں کہ آپ کے شیخ یا آپ کے استاد گرامی روضۂ رسول یا کعبہ اللہ شریف کے سامنے بیٹھے ہیں اور وہاں سے نور کی کرنیں نکل کر ان کے دل میں داخل ہو رہی ہیں۔ اور ان کے سینے مبارک سے نکل کر آپ کے دل میں آ رہی ہیں اور آپ اس نور کی روشنی کو اپنے اندر جذب ہوتے محسوس کر رہے ہیں۔

آخر میں روحانی عملیات کورس کرنے والے تمام شاگردوں سے ہماری بھرپور گزارش ہے اپیل ہے کہ اس کتاب کو بار بار پڑھیں بار بار پڑھیں تاکہ آپ کو سوالات کرنے کی زحمت نہ کرنی پڑیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ فضول قسم کے سوالات سے سے پرہیز کریں۔

TARIQIA ROHANI CENTER

# پرھیز جلالی وجمالی

**روحانی عملیات کورس** میں شامل ہونے والے تمام ممبران کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید: یوں تو عملیات کے ماہرین نے ترک حیوانات (ترک جلالی وجمالی) کے بارے میں بہت تفصیل سے گفتگو کی ہے۔اوراس کے لئے بہت سخت قوانین بنائے ہیں۔لیکن طارقیہ روحانی سینٹر کے زیرسایہ **روحانی عملیات کورس** کرنے والوں کی خوش قسمتی ہے کہ استادمحترم **مفتی محمد آصف سعید قادری طارقی شاذلی** دامت برکاتھم العالیہ نے (ترک جلالی وجمالی) میں ہمیں بہت سی سہولیات عطافرمادی (اللہ اُن کی زندگی میں برکت عطا فرمائے) بہت سے ممبران اکثر سوال کرتے رہتے ہیں کہ کیا کھا سکتے ہیں۔کیانہیں کھاسکتے ۔ایسے تمام حضرات اس پوسٹ سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

## دوران عمل (چلہ)

ان تمام چیزوں کے استعمال کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں ہے۔ہرقسم کا گوشت،گوشت والا سالن ، بریانی ،قورمہ وغیرہ،مچھلی،انڈا،کچالہسن نہیں کھاسکتے (سالن میں پکا ہوا لہسن کھا سکتے ہے)، کچاپیازنہیں کھاسکتے (سالن میں پکا ہوا پیاز کھا سکتے ہے)،دودھ اوردودھ سے بنی ہوئی چائے نہیں پی سکتے ۔چائے کی جگہ( قہوہ )پی سکتے ہیں۔دہی،لسی،رئیتہ،نہیں کھاسکتے (مکھن کھا سکتے ہے) ،حقہ ،سگریٹ،ہرقسم کا نشہ اور،عورت سے جماع پرہیز میں شامل ہیں۔ان کے علاوہ کسی چیز پر پابندی نہیں لگائی گئ۔مگرمسالے دارچٹخارے دار چیزوں اور دودھ سے بنی ہوئی مٹھائی ،کیک ، چاکلیٹ وغیرہ سے پرہیز کریں تو آپ کے لئے بہت بہتر ہے۔ (چلہ) کے دوران کھجورکا زیادہ استعمال کرسکتے ہے۔

TARIQIA ROHANI CENTER

# طارقیہ روحانی سنٹر
# اصول وقواعد

☆گروپ قوانین پر عمل کرنا ہر ممبر کا اخلاقی فرض ہے۔☆اور ہر ممبر گروپ قوانین اپنے پاس بھی محفوظ رکھے۔
☆عالمی مذہبی روحانی اسکالر پیر طریقت مجاز خلیفہ محترم الشیخ **مفتی آصف سعید قادری طارقی شاذلی۔**
☆کوئی بھی عمل گروپ میں شیئر کرنے سے پہلے اس کی عبارت اور حرکات کو اچھی طرح چیک کرلیں۔☆ہر ممبر کو یہ یاد رہنا چاہیئے کہ یہ طارقیہ روحانی سینٹر کا گروپ ہے۔☆اس لئے اس میں کسی اور عامل یا ادارے کی پوسٹ شیئر کرنا منع ہے۔
☆سوالات کرنے والے ممبران سے عرض ہے۔☆کہ اپنے سوالات کے جوابات کے لیے اصرار نہ کریں۔☆اور بیجا سوالات سے گریز کریں۔☆اس گروپ میں شیئر کیئے گئے عملیات اور اس میں کی گئی گفتگو آپ کے پاس امانت ہے۔☆اس لئے کسی غیر متعلقہ شخص کو مت بتائیں۔☆ورنہ آپ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔☆اگر کسی ممبر سے کوئی پوسٹ غلطی سے شیئر ہو جائے تو 10 دس منٹ کے اندر اندر ڈیلیٹ کردے ورنہ 10 دس منٹ کے بعد اسے گروپ سے نکال دیا جائے گا۔☆روحانی عملیات کورس کرنے والے تمام شاگردوں (Students) کو خبردار کیا جاتا ہے کہ جب تک کورس مکمل نہ ہو جائے۔☆جادو جنات والے افراد کا علاج کرنے کی ہرگز ہرگز کوشش نہ کریں۔☆ہاں اگر استاد محترم کسی کو اجازت عطاء فرمادیں تو کر سکتا ہے۔☆طارقیہ روحانی سینٹر کے عملیات وتعویزات کے علاوہ کسی بھی قسم کی پوسٹ کرنا (مثلا) کوئی وڈیو۔کوئی تصویر۔کوئی تحریر جیسے اسلام علیکم۔صبح بخیر۔شب بخیر۔یا جمعہ مبارک وغیرہ وغیرہ۔سخت منع ہے۔☆عقل مند کے لئے اشارہ کافی ہوتا ہے۔☆اس گروپ میں کسی بھی ممبر کو مسلکی اختلافی مسائل پر یا کسی کے عقیدے پر یا اپنے ذاتی معاملات پر بحث وتکرار کرنے کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں ہے۔
☆**طارقیہ روحانی سینٹر** ہمارا اپنا ادارہ ہے۔☆اس ادارے سے پیار ومحبت کرنا ہماری روحانی ترقی کیلئے بہت ضروری ہے۔☆اس لئے ہر فرد جو کسی بھی حوالے سے اس ادارے سے فیض حاصل کر رہا ہے اس کیلئے لازم ہے کہ جس طرح ہو سکے طارقیہ روحانی سینٹر کی کامیابی کیلئے اپنی خدمات پیش کرے۔☆تمام شاگردوں (Students) طارقیہ روحانی سینٹر کے وحانی علاج و استخارہ پروگرام اور استاد محترم کی دیگر وڈیوز کو دیکھنا لائیک اور شیئر کرنا بہت ہی لازم و ضروری ہے۔

TARIQIA ROHANI CENTER

☆**طارقیہ روحانی سینٹر** گروپ میں اپلوڈ کی گئی کسی وڈیو یا پوسٹ پر اگر آپ کو کوئی اعتراض ہو یا آپ کوئی مشورہ دینا چاہتے ہوں تو ڈائریکٹ گروپ ایڈمن سے رابطہ کریں۔اُس وڈیو یا پوسٹ کے بارے میں گروپ کے اندر کمنٹس کرنے یا بحث کرنے کی کسی کو اجازت نہیں ہے۔
☆جو ممبران گروپ قوانین کو فالو نہیں کرے گا۔☆اسے بغیر وارننگ کے ریموو کیا جائے گا۔☆

گروپ ایڈمن وانچارج

قاری فاروق عطاری شاذلی ☆ میاں منور قادری طارقی شاذلی

روزانہ کیے جانے والے اذکار

ذکر نمبر (1) {روزانہ 2 تسبیح} ٹوٹل تعداد (200)

حَسْبِیْ رَبِّیْ جَلَّ اللہُ مَا فِیْ قَلْبِیْ غَیْرُ اللہُ نُوْرِ مُحَمَّدْ صَلَّی اللہُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ

ذکر نمبر (2) {روزانہ 4 تسبیح} ٹوٹل تعداد (400)

اِلَّا اللہُ اِلَّا اللہُ

ذکر نمبر (3) {روزانہ 6 تسبیح} ٹوٹل تعداد (600)

اَللہُ اَللہُ

یہ تینوں اذکار روزانہ تاحیات پڑھنے ہیں

(نوٹ: وقت اور جگہ کی کوئی قید نہیں)

TARIQIA ROHANI CENTER

# ذکر (اللہ ھُو) کی فضیلت

جب بندہ مومن ذکر اللہ کرتا ہے تو یہ ذکر اس انسان کی روح میں خوشبو پیدا کرتا ہے۔تو اس خوشبو سے روحانی قوتیں اور روحانی چیزیں ذکر کرنے والے سے مانوس ہوجاتی ہیں۔درحقیقت یہ خوشبو اور ذکر اللہ روح کی خوراک ہیں جب تک انسان ذکر کرتا رہتا ہے یہ روحانی چیزیں انسان سے مانوس رہتی ہیں اور شیطانی قوتوں اور جادوئی چیزوں کو آپ سے دور رکھتی ہیں۔

حدیث: (مفہوم) جب کوئی بندہ جھوٹ بولتا ہے تو فرشتے اس جھوٹے کی بدبو کی وجہ سے دور چلے جاتے ہیں۔ اس حدیث کی رو سے یہ پتہ چلا کہ جب کوئی بندہ گناہ کرتا ہے تو اس کے اندر سے بدبو نکلتی ہے جس کی وجہ سے وہ روحانی چیزیں آپ سے دور ہوجاتی ہیں اور اس کی وجہ سے شیطانی قوتیں اور شریر جنّات آپ پر حملہ آور ہو سکتے ہیں۔اور عامل اور اس کے اعمال متاثر ہوجاتے ہیں۔

## نوٹ: تمام اعمال ذکر اللہ کی برکت سے ہی کام کرتے ہیں

سبق نمبر (01)

TARIQIA ROHANI CENTER

## اَللّٰہُ اَللّٰہُ

نوٹ: اس سبق کے تمام اعمال مکمل پرہیز کے ساتھ ادا کرنے ہے اور وقت جگہ ایک ہوگی۔
اس عمل کی زکوٰۃ (3) دن میں ادا کرنی ہے۔ روزانہ (6666) بار پڑھنا ہے۔
مداومت: روزانہ ہر نماز کے بعد (1000)،(500) یا (300) بار پڑھنا لازم ہے۔
یا پانچوں نماز کی تعداد کسی بھی ایک وقت میں پڑ سکتے ہے۔

هوالقادر هوالحق هوالمبین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سبق نمبر 1

# آیت قطب شمالی
# آیت قطب جنوبی
# سورۃ مزمل

TARIQIA ROHANI CENTER

عالمی مذہبی روحانی اسکالر پیر طریقت
مفتی آصف سعید قادری طارقی شاذلی
0092321-2782540
0092313-2277288
http://www.tariqiyarohanicenter.com
info@tariqiyarohanicenter.com
www.facebook.com/muftiasifsaeed
www.youtube.com/muftiasifsaeed
http://twitter.com/muftiasifsaeed
http://instagram.com/muftiasifsaeedqadri

## آیتِ قطب جنوبی

ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغۡشٰى طَآئِفَةً مِّنۡكُمۡ‌ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدۡ
اَهَمَّتۡهُمۡ اَنۡفُسُهُمۡ يَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ غَيۡرَ الۡحَقِّ ظَنَّ الۡجَاهِلِيَّةِ‌ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ لَّنَا مِنَ
الۡاَمۡرِ مِنۡ شَىۡءٍ‌ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ‌ ؕ يُخۡفُوۡنَ فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ مَّا لَا يُبۡدُوۡنَ لَكَ‌ ؕ
يَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ كَانَ لَنَا مِنَ الۡاَمۡرِ شَىۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا هٰهُنَا‌ ؕ قُلْ لَّوۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ بُيُوۡتِكُمۡ لَبَرَزَ
الَّذِيۡنَ كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقَتۡلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمۡ‌ۚ وَلِيَبۡتَلِىَ اللّٰهُ مَا فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ وَ
لِيُمَحِّصَ مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ‌ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۱۵۴﴾ (154 {سورۃ آل عمران})

## آیتِ قطب شمالی

مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ‌ ؕ وَالَّذِيۡنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الۡكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡ‌ تَرٰٮهُمۡ رُكَّعًا
سُجَّدًا يَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا‌ سِيۡمَاهُمۡ فِىۡ وُجُوۡهِهِمۡ مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ‌ ؕ
ذٰ لِكَ مَثَلُهُمۡ فِى التَّوۡرٰٮةِ ۛۖۚ وَمَثَلُهُمۡ فِى الۡاِنۡجِيۡلِ ۛۚ كَزَرۡعٍ اَخۡرَجَ شَطۡـئَهٗ فَاٰزَرَهٗ
فَاسۡتَغۡلَظَ فَاسۡتَوٰى عَلٰى سُوۡقِهٖ يُعۡجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيۡظَ بِهِمُ الۡكُفَّارَ‌ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ
الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡهُمۡ مَّغۡفِرَةً وَّاَجۡرًا عَظِيۡمًا ﴿۲۹﴾

TARIQIA ROHANI CENTER

(29 ع {سورۃ الفتح})

## آیتِ قطب زکوٰۃ کا طریقہ

آیتِ قطب کی زکوٰۃ (9) دن میں ادا کی جاتی ہے۔آیتِ قطب جنوبی صبح کے وقت ((9 دن تک 133 بار پڑھیں گے۔اور آیتِ قطب شمالی رات کے وقت (9) دن تک (133) بار پڑھیں گے۔اگر دونوں آیتوں کی ایک ہی وقت میں زکوٰۃ ادا کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔نوٹ:اس عمل کے دوران وقت اور جگہ ایک ہی رکھنا اور اس عمل کو مکمل پرہیز کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

مداومت: زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس کی مداومت روزانہ 11،11 بار کسی بھی وقت پڑھ سکتے ہے۔

# آیاتِ قطب کے خواص وفوائد

آیاتِ قطب کے خواص وفوائد تو بہت ہیں، زبان قاصر ہے کہ اس کے خواص بیان کئے جائیں مگر چند اعمال پیش کرونگا۔ یہ ایک اسمِ اعظم بھی ہے، کوئی عامل اس وقت تک عملیات کا بے تاج بادشاہ نہیں بن سکتا جب تک اس آیت کا عامل نہ بن جائے اور اس کی زکوٰۃ ادا کرنے سے انسان عالم روحانیت میں خاص نام سے پہچانا جاتا ہے۔ ہر مؤکل اور جنات علوی وسفلی اس کی ہر طرح سے مدد کرتے ہیں۔ ہر عمل میں غائبانہ اثر ہوتا ہے۔ کوئی بھی کیسا بھی مریض وہ اس کا علاج کر سکتا ہے۔ کبھی بھی نامراد نہیں ہوتا۔

## آیتِ قطب کے اعمال

## رسولی کا علاج

ایک عدد گول بینگن لیں اور 11 کانٹے۔ ہر کانٹے پر 3 بار یہی آیات پڑھ کر دم کریں اور کانٹا بینگن میں لگا دیں۔ باری باری کانٹے اس ہی ترتیب سے لگاتے جائیں۔ 3 بار یا (7) بار یہ عمل کریں۔

ان شاء اللہ شفاء پائے ہوگی۔

## اولاد ہونے کے لیے

TARIQIA ROHANI CENTER

(11) عدد چھوہارے لے کر سب چھوہاروں پر (7 بار کلمہ طیبہ پڑھے پھر ہر ایک چھوہارے پر (3) بار یہ آیت پڑھے عورت کو پاک ہونے کے بعد کھلائے۔ عورت روزانہ ایک چھوہارہ کھائے۔ ان شاء اللہ اللہ رب العزت اپنی قدرت سے اولاد عطا کرے گے۔ نوٹ (3) ماہ تک عمل کر سکتے ہیں۔

## شیطانی خیالی وسوسوں کا علاج

اگر کسی شخص پر وسوسۂ شیطانی غالب ہو تو اسے چاہیے کہ بازار سے منقّی لے آئے اور (33) بار یہ آیتِ پڑھ کر دم کرے صبح وشام نہار منہ (3) دانہ منقّی کھائے ان شاء اللہ ربّ العزت اپنی قدرت سے دل و دماغ کو سکون عطا کرے گا۔

# پسند کی شادی کے لئے

پسند کی شادی کے لیے ہر شبِ جمعہ میں (133) بار پڑھ کر شربت پر دم کر کے پی لیں (3) شبِ جمعہ ایسا کریں ایسا اثر ہوگا کہ عقل حیران ہوجائے گی ۔

# ملازمت کے لیے

جو چاہے کہ ملازمت ملے وہ (13) دن تک بعد نمازِ عشاء (133) بار پڑھے ان شاء اللہ حسبِ خواہش ملازمت ملے۔

# شبِ قدر کو پائے گا

جو شخص شبِ قدر پانے کا خواہش مند ہو اسے چاہیے کہ روزانہ بعد نمازِ عشاء (160) بار پڑھ کر سو جائے ان شاء اللہ شبِ قدر کو پائے گا۔

# جنات اور جادو کے لیے

یہ آیت (33) بار پڑھ کر مریض کی آنکھوں، سر اور کان میں پھونک ماریں ان راستوں سے جادو جنات داخل ہوتے ہیں۔ وہ بند ہوجائیں گے۔ نوٹ: دن میں 2 دفعہ یہ عمل کریں۔ مدت علاج (21) دن اول و آخر درود ابراہیمی پڑھے مجرب ہے۔ ان شاء اللہ جنات اور جادو کا اثر زائل ہوجائے گا اور مریض کو سکون آجائے گا۔

TARIQIA ROHANI CENTER

# جِلدی امراض کے لیے

ہر قسم کی جلدی امراض مثلاً خارش انفیکشن کے لیے اس کا عمل بہت مفید ہے۔ (7) بار یہ آیت پڑھ کر مریض پر دم کریں ان شاء اللہ خارش ختم ہوجائے گی۔

## بچوں کی بیماری کے لیے

چھوٹے بچوں کا ڈر جانا، رونا، سوکھا پن، دودھ نہ پینا، سبق یاد نہ ہونا، نظر کا کمزور ہونا ان تمام بیماریوں کے لیے اکسیر ہے۔ اول و آخر کوئی سا بھی درود پڑھے اور صبح شام (7*7) مرتبہ پڑھ کر یہ آیت دم کرے۔ ان شاء اللہ (5) یا (7) دن مسلسل یہ عمل کرنے سے بچوں کی جملہ بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

## آدھے سر کے درد کے لیے

درد والے حصہ پر شہادت والی انگلی رکھے۔ (7) بار یہ آیت پڑھ کر (7) پھونکیں مریض کو ماریں ان شاء اللہ جلد آرام آجائے گا۔

## مرگی کے لیے

صبح و شام 33,33 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے مکمل ٹھیک ہونے تک یہ عمل کرتے رہیں۔ اول آخر کوئی سا بھی درود پڑھیں۔

## کینسر کا علاج

TARIQIA ROHANI CENTER

کینسر کی کوئی بھی قسم ہو، پھوڑا ہو، یا جسم کا کوئی بھی حصہ متاثر ہو، صبح و شام 41 مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں۔ اور تیل پر دم کر کے مالش کریں۔ مکمل صحت یابی تک یہ عمل روزانہ کرتے رہیں، ان شاء اللہ پہلے سے فرق محسوس ہوگا۔

## لاعلاج امراض کے لیے

کسی بھی لاعلاج مرض کے لیے جس سے ڈاکٹر حکیم عاجز آ گئے ہوں یہ آیت (133) مرتبہ اول و آخر کوئی سا بھی درود پڑھ کر مریض پر پھونکیں اور پانی پر بھی دم کریں۔ پانی مریض کو سارا دن پلائیں۔ پانی کم ہوجائے تو اور ڈال لیا کریں۔روزانہ صبح کے وقت یہ عمل کرنا ہیں

## کسی بھی مقصد کے لیے

کسی بھی نیک مقصد کے لیے اول آخر کوئی سا بھی درود اور (33) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر ہاتھوں پر پھونکیں اور پھر چہرے پر مل لیں۔ ان شاء اللہ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

## ڈاڑھ کے درد کا علاج

اول آخر کوئی سا بھی درود اور (11) یا (7) مرتبہ یہ آیت پڑھیں اور انگلی پر پھونکیں یہ انگلی درد والے دانت یا ڈاڑھ پر لگائے ، ان شاء اللہ فوری اثر ہوگا۔

## بچھو یا سانپ کے ڈسے کا علاج

TARIQIA ROHANI CENTER

اگر بد قسمتی سے بچھو یا سانپ ڈس لے تو (21) بار آیت پڑھ کر متاثرہ حصہ پر پھونکیں اور دائیں کان میں بھی پھونکیں ان شاء اللہ درد اور زہر دونوں ختم ہو جائیں گے۔

## پیٹ کی اندرونی بیماریوں کا علاج

معدے میں زخم ہو ، جگر خراب ہو، کسی قسم کا یرقان ہو، انتڑیوں میں درد ہو یا گردے کا درد ہو ، یہی آیت ( 33 ) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو یہی پانی سارا دن پلاتے رہیں، یہ عمل صبح و شام کو کرنا ہیں۔

# سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ(١) قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ(٢) نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ(٣) اَوْ زِدْ عَلَيْهِ
وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ(٤) اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا (٥) اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ
وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ؕ(٦) اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ؕ(٧) وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ
وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ؕ(٨) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا (٩)
وَ اصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَ اهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا (١٠) وَ ذَرْنِيْ وَ الْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي
النَّعْمَةِ وَ مَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا (١١) اِنَّ لَدَيْنَاۤ اَنْكَالًا وَّ جَحِيْمًا ۙ(١٢) وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا
اَلِيْمًا ۗ(١٣) يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ وَ كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا (١٤) اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ
اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ۬ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ؕ(١٥)
فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا (١٦) فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا
يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا ۖۗ(١٧) السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا (١٨) اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۧ(١٩) اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ
وَ نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآىِٕفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَ اللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ
وَ النَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ
اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَ اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ
اللّٰهِ ۙ وَ اٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖؗ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ
تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (٢٠)

# سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل

**زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ:**

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل کی زکوٰۃ دو طرح سے ادا کی جاتی ہے۔

پہلا طریقہ۔سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل کو 9 راتوں یا 9 دن تک 117 بار پڑھیں گے تو زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

دوسرا طریقہ۔سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل کی زکوۃ 3 مرتبہ ادا کی جائے۔ پہلے 9 راتوں تک 117 بار پڑھیں پھر ایک دن وقفہ کریں ۔ دوسری بار 9 راتوں تک 117 بار پڑھیں ۔پھر ایک دن وقفہ کریں ۔ تیسری بار 9 راتوں تک 117 بار پڑھیں ۔ سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل ی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

(دونوں میں سے کسی بھی طرح زکوٰۃ ادا کرنے والا عامل اس عمل سے کام لے سکتا ہے)

مداومت: اس عمل کی مداومت روزانہ 9 یا 11 بار ہے۔

نوٹ: اس عمل کے دوران وقت اور جگہ ایک ہی رکھنا اور اس عمل کو مکمل پرہیز کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

TARIQIA ROHANI CENTER

نقش سورہ مزمل مربع

۷۶۸

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۱۰۵ | ۱۷۱۰۸ | ۱۷۱۱۱ | ۱۷۰۹۸ |
| ۱۷۱۱۰ | ۱۷۰۹۹ | ۱۷۱۰۴ | ۱۷۱۰۹ |
| ۱۷۱۰۰ | ۱۷۱۱۳ | ۱۷۱۰۶ | ۱۷۱۰۳ |
| ۱۷۱۰۷ | ۱۷۱۰۲ | ۱۷۱۰۱ | ۱۷۱۱۲ |

نقش سورہ مزمل مثلث

۷۶۸

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۸۲۳ | ۲۲۸۱۸ | ۲۲۸۲۵ |
| ۲۲۸۲۴ | ۲۲۸۲۲ | ۲۲۸۲۰ |
| ۲۲۸۱۹ | ۲۲۸۲۶ | ۲۲۸۲۱ |

# سُورَۃُ الْمُزَّمِّلِ کے اعمال

## آسیب اور جنّات کو جلانے کا عمل

آدھا پاؤ یا ایک چھٹانک رائی لے کر مریض کو سامنے بٹھا کر سورۂ مزّمّل کو (11 یا (21 بار پڑھ کر رائی پر دم کریں اور مریض کے اوپر سات (7) بار گھمائیں۔ اور رائی کو چولہے یا انگارے پر جلادیں۔ جلنے کے دوران سورۂ مزّمّل 11 یا 21 بار پڑھنا شروع کریں مریض پر کسی قسم کا آسیب جادو جنّات یا سایہ ہو تو جل کر ختم ہو جائے گا۔

## جنّات کو حاضر کرنے کا عمل

اگر جنات کو حاضر کرنا ہو تو یہی رائی والا عمل کافی ہے لیکن ہر بار سورۂ مزّمّل کے اول یا آخر یہ پڑھیں۔

اِلٰہی بحرمتِ وعزّمتِ مزّمل شریف آسیب وجن وارواحِ خبیث سحر وجادو در وجود فلاں بن فلاں حاضر شود حاضر شود حاضر شود **العجل العجل العجل السّاعة السّاعة**

اس طرح کرنے سے مریض پر جو چیز ہوئی حاضر ہو جائے گی اور رائی والے عمل سے اس کو جلا سکتے ہیں

TARIQIA ROHANI CENTER

## دوا کام نہ کرے تو یہ عمل کریں

جس مریض کو ڈاکٹر لاعلاج قرار دے دے۔ یا اسے کسی دوائی سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو مریض کا اور اس کی والدہ کا نام ذہن میں رکھتے ہوئے ایک سرکنڈا بنالیں (پنجابی میں کانا بھی کہتے ہے) ایک بالش اور (3) انگلی کے برابر ہو۔ مریض کو سامنے بٹھا کر (7) بار سورۂ مزّمّل پڑھ کر سرکنڈا پر دم کردیں اور مریض رات کو اپنے سرہانے رکھ کر سوئے صبح اُٹھ کر دیکھے تو اس کا سائز بڑھ چکا ہوگا بڑھے ہوئے حصے کو کاٹ دیں کاٹنے کے بعد روزانہ دم بھی کریں اسی طرح (15) دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ مریض صحت یاب بھی ہوگا اور دوا بھی اثر کرے گی۔

## ہر قسم کے درد کا علاج

جس کو جسم میں کہیں بھی درد ہو تو سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّل (7) بار پڑھ کر مریض پر پانی اور تیل پر دم کر دیں۔ مریض پانی پیئے اور تیل سے مالش کرے سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّل انک پین (ink) پوائنٹر (pointer) یا زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں درد دور ہوگا (مدّت 3 دن سے 21 دن)

## حاجت روائی

سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّل ضروری حاجت کے لیے نمازِ فجر کی سنّتوں اور فرض کے درمیان (11) بار پڑھے۔ اور دعا مانگے جو مانگے گا۔ان شاء اللہ پائے گا۔

## بھاگے ہوئے کو بلانے کا عمل

(1) عدد تالا لے کر اس پر (7) یا (21) بار سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّل پڑھے۔ جب لفظ (وَكِيلًا) پر پہنچے تو بھاگے ہوئے شخص کا نام لے اور تالے پر دم کر کے اُسے ہوا میں اس طرح پھینکے کہ تالا واپس آجائے یہ عمل (7) دن کریں بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔

## میاں بیوی کے جھگڑے

TARIQIA ROHANI CENTER

